جماعت احمدیہ کا ۹۱ واں جلسہ سالانہ اپنی مخصوص دینی روایات اور ذکر الٰہی کے ماحول میں شروع ہو گیا

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ نے نہایت پُر اثر و درد انگیز خطاب اور پُر سوز اجتماعی دُعا سے جلسہ کا افتتاح فرمایا

عالمِ اسلام کے دُکھ دُور ہونے کے لئے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے دُعا کی خصوصی تحریک

"ہمارے خلاف نفرتوں کی کتنی ہی آگ بھڑکائی جائے وہ ہمارے صبر کو جلا نہیں سکے گی"

"ہم دوسروں سے محبت کرنے کیلئے پیدا کئے گئے ہیں۔ محبت زندہ رہنے کیلئے ہوتی ہے۔ نفرت اُس پر کبھی غالب نہیں آسکتی"

ربوہ - ۲۶ فتح / دسمبر جماعت احمدیہ کا ۹۱ واں جلسہ سالانہ یہاں مرکز سلسلہ میں اپنی مخصوص دینی روایات کے ساتھ ذکرِ الٰہی اور عبادات کے پاکیزہ اور روح پرور ماحول میں شروع ہو گیا۔ جلسہ سالانہ ۲۶، ۲۷، ۲۸ دسمبر تک جاری رہے گا۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پُر درد اور ولولہ انگیز خطاب اور پُر سوز دعا سے جلسہ کا افتتاح فرمایا۔

حضور نے فرمایا مخالفین حق جماعت احمدیہ کے خلاف نفرتوں کی آگ جتنی چاہیں بھڑکائیں۔ ہمارے صبر کو وہ آگ جلا نہیں سکے گی اور ہر ظلم و ستم اور سختی کے جواب میں ہمارے جسم کے ذرہ ذرہ سے اللہ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت کی آواز بلند ہوگی۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نو بج کر بیس منٹ کے قریب جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ حضور کی تشریف آوری پر سٹیج سے حضور کو اھلاً و سھلاً و مرحباً کہتے ہوئے سٹیج سے مندرجہ ذیل نعرے بلند کئے گئے۔ جن کا نہایت وسیع و عریض جلسہ گاہ کے آخری کناروں تک بیٹھے ہوئے ہزاروں ہزار احباب نے بڑے جوش و جذبہ سے جواب دیا۔

نعرہ تکبیر اللہ اکبر۔ خاتم الانبیاء زندہ باد۔ اسلام زندہ باد۔ احمدیت زندہ باد۔ خلافت احمدیہ زندہ باد۔ حضرت مرزا غلام احمد کی جے۔ نعرہ تکبیر اللہ اکبر۔

ان نعروں کے دوران حضور بھی کھڑے رہے۔ کارروائی کا باضابطہ آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو مکرم حافظ مسعود احمد صاحب آف سرگودھا نے کی۔ بعد ازاں محترم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول تحریک جدید نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا کلام ؎

اے خدائے کارساز و عیب پوش و کردگار

خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا۔

نو بجکر ۳۴ منٹ پر حضور ایدہ اللہ نے مائیک پر تشریف لا کر اپنے خطاب کا آغاز فرمایا۔ حضور کا خطاب ۱۰ بجکر ۲۱ منٹ تک جاری رہا۔ اس طرح سے حضور نے ۳۸ منٹ تک خطاب فرمایا

حضور ایدہ اللہ کا خطاب

حضور نے فرمایا جہاں اس دور کا انسان بڑا خوش نصیب ہے کہ اس کے زمانے میں اس عظیم داعی الی اللہ کی بعثت ہوئی جس نے دنیا کو ہلاکتوں سے بچانے کی راہ دکھلائی۔ وہاں اس دور کے انسان کی بدنصیبی یہ ہے کہ بہت کم انسان ہیں جنہوں نے اللہ کے بھیجے ہوئے اس مصلح داعی الی اللہ اور نجات دہندہ کو قبول کیا۔

حضور نے فرمایا آج ساری دنیا نفرتوں کا شکار ہے۔ دنیا کو نفرتوں کی بنا پر تقسیم کر کے رکھ دیا گیا ہے اور بظاہر دنیا ایک دردناک تباہی کی طرف بڑھتی ہوئی نظر آرہی ہے۔ حضور نے فرمایا ساری دنیا کی نفرتوں میں سے جو نفرت جماعت احمدیہ کے حصہ میں آئی ہے وہ اس بنا پر ہے کہ یہ جماعت کیوں دنیا کو اللہ کی طرف بلاتی ہے۔ حضور نے جماعت کے خلاف نفرت پھیلانے والوں کے متعلق فرمایا نفرتوں کی آگ جتنی چاہو بھڑکاؤ ہمارے صبر کو وہ آگ جلا نہیں سکے گی۔ بغض و عناد کے جتنے الاؤ روشن کرو۔ ان میں جتنا چاہو ایندھن ڈالتے جاؤ۔ میں تمہیں یقین دلاتا ہوں کہ احمدی تم سے جو محبت کرتا ہے۔ اس پر یہ نفرت کبھی غالب نہیں آئے گی۔ محبت زندہ رہنے کے لئے ہوتی ہے۔ محبت پر کبھی نفرت غالب نہیں آسکتی۔

حضور نے حضرت موسےٰ کے مقابلہ پر آنے والے ساحروں کا واقعہ بیان فرمایا جو حضرت موسےٰ کا معجزہ دیکھ کر فی الفور ایمان لائے تھے اور جب فرعون نے غیظ و غضب سے بھر کر انہیں دھمکایا تو انہوں نے بڑا پیارا جواب دیا کہ جو کچھ تمہارے بس میں ہے کر گزرو۔ تم ہمارا کوئی نقصان نہیں کر سکتے۔ ہمارا نقصان ہو ہی نہیں سکتا۔ کیونکہ ہم تو اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں اور ہم ادنےٰ سے اعلیٰ حالت کی طرف جانیوالے ہیں۔ حضور نے فرمایا اگر موسیٰ کی قوم نے وقت کے جابر بادشاہ کو یہ جواب دیا تھا تو آج محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے غلاموں کا بھی یہی جواب ہے۔ حضور نے جذب و اثر سے بھرپور انداز میں بآواز بلند فرمایا۔ خدا کی قسم اگر ہمارے بدنوں کے ٹکڑے کر دیئے جائیں۔ اور یہ ٹکڑے چیلوں کوؤں کو کھلا دیئے جائیں۔ ہمیں جلا کر خاکستر کر دیا جائے اور اس راکھ کو سمندروں میں بہا دیا جائے۔ تب بھی ہمارے ذرے ذرے سے اللہ اور اس کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت کی آواز بلند ہوگی۔ ہمارے لئے یہ ناممکن ہے کہ ہم اپنے رب کی طرف بلانا بھول جائیں یا اللہ کی طرف بلانے کے مقابلے میں دنیا کی دھمکیوں سے ہم نہ پہلے ڈرے ہیں اور نہ بعد میں ڈریں گے۔

حضور ایدہ اللہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ سے عزم و استقامت کی ایک مثال کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہم غلامانِ محمدؐ ہیں۔ ہم کیسے پیچھے ہٹ سکتے ہیں ہم نے نفرت کی تعلیم نہ کبھی دی ہے نہ کبھی دیں گے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے بڑے پیار سے دنیا کو خدا کی طرف بلایا ہے۔ حضور ایدہ اللہ نے حضرت مسیح موعود کے ارشادات عالیہ میں سے دو نہایت پر شوکت و پر اثر اقتباسات پڑھ کر فرمایا کہ جہاں تک جماعت احمدیہ کا تعلق ہے ہم نے ہمیشہ امن اور محبت کی راہ دکھلائی ہے۔ ہمیں دنیا کا کوئی خوف نہیں۔

حضور نے فرمایا ہم تو ہر خوف سے آزاد ہیں مگر ہمیں دنیا کے بارے میں خوف ہے آج ہم سب مل کر جو دعا کریں گے اس میں دنیا کو ہلاکت سے بچانے کی دعا بطور خاص شامل ہوگی۔ اس کے علاوہ امت مسلمہ کے لئے دعا کریں۔ امت مسلمہ آج بہت دکھوں کا شکار ہے۔ مشرق سے مغرب تک تمام مسلمان سلطنتوں میں بے امنی۔ بے چینی اور بیقراری ہے۔ لبنان میں آزادی کا دعویٰ کرنے والے مسلمان ایک دوسرے کا خون بہا رہے ہیں اور انہیں اس پر کوئی ندامت نہیں۔ عراق ایران جنگ میں مسلمان مسلمان کا گلا کاٹ رہا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء + عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

روزنامہ الفضل ربوہ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد ۳۷/۷۲ | جمعہ ۲۱ ربیع الاول ۱۴۰۴ھ ہجری ۲۷ فتح ۱۳۶۲ ہش | ۲۷ دسمبر ۱۹۸۳ء | نمبر ۲۹۲

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴ پبلشر: مسعود احمد پرنٹر: سید عبدالحی مطبع: احیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ۔ قیمت ۵۰ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

یہ ہیں وہ حالات جو خطرے کا باعث ہیں لیکن ان سب باتوں سے بے پرواہ ہو کر آج بعض لوگوں کو خطرہ صرف اور صرف جماعت احمدیہ سے نظر آرہا ہے۔ حضور نے ایک ایک مسلمان ملک کا نام لے کر وہاں کے مسلمانوں کے لئے دعا کی تحریک فرمائی۔

حضور ایدہ اللہ نے خاص جذبہ کے زیر اثر گلوگیر آواز میں فرمایا۔ بعض دفعہ میں راتوں کو بے چین ہو ہو کر دعا کرتا ہوں کہ اے خدا ان کو بچا لے۔ یہ ہم سے نفرت کرتے ہیں مگر تو ان پر رحم کر اور اپنے فضل سے انہیں بچا۔ حضور نے فرمایا۔ بطور خاص عرب دنیا کا دکھ پریشان کرنے والا ہے۔ کیونکہ یہ وہ قوم ہے جس میں دنیا کے محسن اعظم نے جنم لیا اور ہمیں روحانیت کی لذت عطا کی اور خدا تعالیٰ سے آشنا کیا۔

حضور نے آخر میں فرمایا کہ جلسہ کے دوران اپنی زبانوں کو ذکر الٰہی سے تر رکھیں اس کثرت سے ذکر الٰہی کریں کہ اللہ کی رحمت اس کو قبول کرلے اور سارے عالم اسلام پر رحمت کی بارش نازل کرے آمین!

اس کے بعد حضور نے دعا کروائی اور "السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ" کہہ کر تشریف لے گئے۔ جلسہ کی باقی کارروائی محترم چوہدری انور حسین صاحب امیر جماعت احمدیہ ضلع شیخوپورہ کی صدارت میں جاری رہی۔

اخبار احمدیہ

● مکرم بشیر احمد صاحب حبیب رکن جماعت احمدیہ لنڈن کو چار روز قبل اچانک فالج کا حملہ ہوا جس کی وجہ سے جسم کا دائیں طرف کا حصہ شدید طور پر متاثر ہوا ہے۔ زبان پر اثر کی وجہ سے گفتگو بھی نہیں کر سکتے۔ مکرم حبیب احمد صاحب اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کے نہایت مخلص دوست ہیں۔ اور ایک لمبے عرصہ سے لنڈن مشن کے شعبہ مال میں روزانہ باقاعدگی کے ساتھ اور نہایت محنت اور شوق کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ احباب کرام کی خدمت میں درد دل کے ساتھ دعا کی درخواست ہے کہ تا اللہ تعالیٰ موصوف کو جلد از جلد شفائے کامل عطا فرمائے آمین

(عطاء المجیب راشد)

● میرے چھوٹے بھائی عزیزم بشارت علی خان میرے بڑے بھائی حکیم نور علی خان صاحب کی اچانک اور بے وقت وفات کے صدمہ کی وجہ سے علیل ہو گئے ہیں۔ اور ان کی تشویشناک حالت کی وجہ سے انہیں میو ہسپتال میں داخل کروا دیا گیا ہے ان کی جلد صحت کاملہ وعاجلہ کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع تا خاندان حضرت مسیح موعود اور تمام احباب جماعت سے دعا کی دردمندانہ اپیل کی جاتی ہے۔

خاکسار صفدر علی خان طارق (صوبیدار)
۵۵ فلیمنگ روڈ لاہور

تبصرہ کتب

تبلیغی واقعات (حصہ دوم)

نام کتاب: تبلیغی واقعات۔ مصنف و ناشر: میجر (ریٹائرڈ) عبدالحمید سابق مبلغ انگلینڈ، امریکہ و جاپان۔ سائز ۲۰×۳۰/۱۶ صفحات: ۲۲۴۔

مکرم میجر عبدالحمید صاحب کو اللہ تعالیٰ نے ساڑھے پانچ سال جاپان میں قریباً ۹ سال امریکہ میں اور ایک سال سے زائد عرصہ برطانیہ میں خدمت دین کی سعادت عطا فرمائی۔ موصوف نے ایک مشنری کے طور پر ان علاقوں میں اسلام کا پیغام لوگوں تک پہنچایا۔ ہر ان تھک مشنری کی طرح ان کی زندگی بھی بہت دلچسپ اور ایمان افروز واقعات سے عبارت ہے۔ ان واقعات کا پہلا حصہ موصوف ۱۹۷۷ء میں شائع کر چکے ہیں اور دوسرا حصہ اب شائع کیا ہے۔ اپنے دور خلافت سے قبل سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے جب اس کتاب کا مطالعہ کیا تو اس کتاب کے بارے میں نہایت اچھے تاثرات کا اظہار فرمایا جس کا ایک حصہ درج ذیل ہے

"آپ کا مسودہ تبلیغی واقعات حصہ دوم کل رات کو پڑھنا شروع کیا اور ۲۲۵ صفحات پڑھنے کے بعد بقیہ چند صفحات کا مطالعہ آج صبح مکمل کیا۔ اللہ تعالیٰ مبارک فرمائے۔ بڑی دلچسپ اور پر از معلومات تصنیف ہے۔ نہایت قیمتی اقتباسات نیز بائیبل کے اہم حوالہ جات ایک موثر طرز استدلال میں پروئے ہوئے خاص بہار دکھلا رہے ہیں۔"

الغرض یہ کتاب نہایت دلچسپ اور ایمان افروز واقعات سے پُر ہے۔ تبلیغی لحاظ سے بھی بہت مفید ہے اور ایک اہم تاریخی دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے۔ کتابت و طباعت گوارا ہے۔ قیمت درج نہیں۔

(ی بس بش)

تبصرہ:

"اسلامی معاشرہ"

نام کتاب:۔ "اسلامی معاشرہ" مصنف:۔ محترم نواب عباس احمد خان صاحب
سائز:۔ ۲۳×۱۸/۱۶ ضخامت:۔ ۲۲۳ صفحات
ناشران:۔ النصر الیاس پبلی کیشنز سٹرا چن روڈ کراچی۔ برانچ۔ ۵ ریڈیوس روڈ لاہور
قیمت:۔ دس روپے (۱۰/-)

محترم عباس احمد خان صاحب نے اہم دینی موضوعات پر مختصر کتابوں کا سلسلہ شروع کیا ہوا ہے۔ زیر نظر کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس کتاب میں مصنف موصوف نے ۶۶ عناوین کے تحت قرآن مجید کی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی رو سے بہت سہل انداز میں اسلامی معاشرہ کی خوبیوں کو واضح کیا ہے اور یہ امر ذہن نشین کرایا ہے کہ فی زمانہ دنیا میں جو مفاسد پھیلے ہوئے ہیں ان کا علاج صرف اور صرف اسلامی معاشرہ کے قیام میں مضمر ہے۔

کتاب عمدہ سفید کاغذ پر چھاپی گئی ہے اور کتابت و طباعت کا معیار بھی اچھا ہے۔ کتاب بہت خوب صورت اور مضبوط ٹائیٹل سے مزین ہے۔

مکھی اور مچھر کے انسداد کے تعلق میں

ایک اہم تجویز

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خواہش ہے کہ "اللہ تعالیٰ ربوہ کو مکھی اور مچھر سے ایسی نجات بخشے کہ سارے پاکستان میں اس نمونہ کا شہر نہ ملے۔"

خدا تعالیٰ کے فضل سے مکھی اور مچھر کو تلف کرنے کے سلسلہ میں مؤثر تدابیر کا علم ہمیں حاصل ہے۔ اور ذرائع بھی میسر ہیں۔ صرف ان کو عملی جامہ پہنانے کی ضرورت ہے۔ مکھی کی افزائش کا بہت بڑا ذریعہ انسانی فضلہ ہے۔ اس کے تدارک کے لئے ہر گھر میں جہاں کھلی بیت الخلاء ہے وہاں خشک گڑھے والی بیت الخلاء کا بننا کمیٹی انسداد مکھی مچھر نے تجویز کیا ہے۔ اہل ربوہ کو چاہئے کہ اس اہم تجویز کو عملی جامہ پہنائیں۔ اور اپنے گھروں میں خشک گڑھے والی بیت الخلاء بنائیں۔ اس کے ڈیزائن اور اندازہ خرچ کی تفصیل پمفلٹ کی صورت میں خدام الاحمدیہ کے مرکزی دفتر سے حاصل کی جا سکتی ہے۔

(ڈاکٹر عمر الدین صدر کمیٹی انسداد مکھی و مچھر ربوہ)

ضروری اعلان

برائے ورثاء مرحوم موصیان

آج کل تزئین بہشتی مقبرہ کا کام شروع ہے۔ بہشتی مقبرہ میں بعض ورثاء نے سنگ مرمر کے کتبہ جات نصب کروائے ہیں۔ ان میں سے بعض کتبہ جات خستہ حالت میں ہیں اور بعض کی عبارت نہیں پڑھی جاتی

لواحقین میں سے جو ربوہ میں مقیم ہیں۔ وہ اس طرف فوری توجہ فرمائیں اور ان ستائیس کے کتبہ جات کو درست کروائیں۔

بیرون جات میں جو ورثاء مقیم ہیں۔ وہ اس سلسلہ میں ربوہ میں مقیم اپنے کسی عزیز کو توجہ دلا کر کتبہ جات کی حالت کی درستی کی طرف متوجہ ہوں۔ تاکہ تزئین بہشتی مقبرہ کا کام جلد از جلد مکمل ہو سکے۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تقریب شادی

میرے بیٹے عزیزم تنویر الاسلام کی تقریب شادی مورخہ ۱۶ ۱۲/۸۳ بروز جمعہ منعقد ہوئی۔ عزیز موصوف کا نکاح مبلغ ۱۵ ہزار روپیہ حق مہر پر ۹ ۱۲/۸۳ بروز جمعہ محترم چوہدری احمد مختار صاحب امیر جماعت احمدیہ کراچی نے احمدیہ ہال میں بہمراہ عزیزہ ثمیرا منصور دختر محترم منصور محمد صاحب شرما دستگیر کراچی پڑھا تھا۔ ۱۶ ۱۲/۸۳ بارات النور سوسائٹی سے دستگیر پہنچی اور اسی شام واپس گھر پہنچی۔

اگلے روز خاکسار نے اپنے مکان پر دعوتِ ولیمہ کا اہتمام کیا۔ جس میں احمدی اور غیر احمدی احباب نے شرکت فرمائی۔ احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ یہ رشتہ ہر دو خاندان و احمدیت کے لئے بابرکت و مثمر ثمراتِ حسنہ کرے۔ آمین

(رشید احمد ۴۰۹/۱۹ النور سوسائٹی کراچی نمبر ۳۸)

جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر

طالب علموں کے لئے کاپیوں پر لگانے والے سٹیکر ہمارے ہاں سے حاصل کریں

مینیجر دواخانہ نظام جان
اقصیٰ چوک۔ ربوہ

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے
با اعتماد ادارہ
ندیم کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز
رحمت بازار ربوہ
کو یاد رکھیں
دفتر ۵۲۱
گھر ۴۳۱

جلسہ سالانہ کے مبارک موقع پر
احباب جماعت میں ایک عمدہ پیشکش اور ایک بیج جو (۱) کلمہ طیبہ (۲) آیت قرآنی فاستبقوا الخیرات اور LOVE FOR ALL HATRED FOR NONE پر مشتمل ہے۔ خریدیئے
(نیز)
مشینری سپیئر پارٹ بنوانے کیلئے رجوع فرمائیں
پروپرائیٹر:۔ سید منیر احمد
تعاون: مائیکرو انجینئرنگ ورکس
چوک اہل حدیث جہلم

حضرت خلیفۃ المسیح اول رضی اللہ عنہ کے مجرب نسخہ جات
قادیان کا قدیمی مشہور نسخہ
سرمہ نور (رجسٹرڈ)
سرمہ نور والوں کا
نورانی کاجل
تیار کردہ
شفاخانہ رفیق حیات
گول بازار۔ ربوہ

ہمارے ہاں ہر قسم
کا سامان رعایتی قیمت پر دستیاب ہے
منیاری۔ سٹیشنری۔ ہوزری
جیولری وغیرہ کیلئے
سلور سینڈ جنرل اسٹور
فضل الٰہی مارکیٹ کالج روڈ ربوہ پر
پر تشریف لاویں

چھوٹے بچوں کے لئے!
شناختی جیبی کارڈ
دفتر معلومات، دفتر استقبال
یا
دواخانہ حکیم نظام جان
سے حاصل کریں

لذیذ چرغہ ہاؤس
فخریہ پیشکش: سٹیم روسٹ چرغہ سادہ و روغنی نان
بیاہ شادیوں اور پارٹیوں کے لئے آرڈر پر بنوائیں۔ (فضل الٰہی مارکیٹ)
کالج روڈ۔ بالمقابل جامعہ احمدیہ۔ ربوہ

قرآن مجید (مع ترجمہ و تفسیر)
مولفہ ——— الحاج پیر صلاح الدین
دیدہ زیب کتابت کے ساتھ اعلیٰ کاغذ پر طبع شدہ قریباً تین ہزار صفحات پر مشتمل
چار جلدوں کا مکمل سیٹ
نہایت آسان سلیس اور رواں ترجمہ۔ مختصر مگر جامع تفسیری نوٹس جلسہ سالانہ کے موقع پر نصرت آرٹ پریس گولبازار ربوہ اور دیگر کتب فروشوں سے خرید فرمائیں۔
ہدیہ مکمل سیٹ صرف یک صد ساٹھ (۱۶۰/-) روپے
شائع کردہ: قرآن پبلیکیشنز ◉ اسلام آباد

کیورٹیو میڈیسن کمپنی اور کلینک
چوک گولبازار ربوہ میں منتقل ہو چکے ہیں۔ پہلی عمارت میں اب صرف ادویات کا سٹور ہے۔ احباب کی معلومات اور سہولت کے لئے جلسہ سالانہ (۲۶، ۲۷، ۲۸ دسمبر) کے دنوں میں گول بازار میں مسجد المہدی سے ملحقہ میدان میں کیورٹیو نمائش منعقد کی جا رہی ہے۔ جہاں کیورٹیو سسٹم آف میڈیسن متعلق ادویات لٹریچر اور معلومات آپ بآسانی حاصل کر سکتے ہیں۔
منیجر کیورٹیو میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ ربوہ فون نمبر ۶۰۶

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے ذوالمجد والعطاء! ہم اپنی عاجزی اور کم مائیگی کا اعتراف کرتے ہیں ہمیں اپنے فضلوں سے نوازتا چلا جا۔ آمین

الحمد للہ

شاہ جی ٹینٹ سروس اینڈ ٹریڈرز

اقصیٰ چوک کالج روڈ ربوہ

پروپرائٹرز: ظہور احمد شاہ : امتیاز حسین شاہ

سوزوکی کرایہ پر دستیاب ہے

ایمرجنسی کی صورت میں خدمت کیلئے 24 گھنٹے حاضر

انشاء اللہ

دماغی اور جلدی

امراض کے علاج اور مشورہ کے لئے

جلسہ سالانہ کے موقع پر بالمقابل ایوان محمود

اقصیٰ روڈ ربوہ پر ملیں

قاضی دواخانہ چک چٹھہ رجسٹرڈ حافظ آباد گوجرانوالہ

خدمت کی راہوں پر رواں دواں

مشہور دواخانہ

گوجرانوالہ ـــــ ربوہ

ڈاکٹروں نے جواب دے دیا تو کیا ہوا؟

ہمارے ہاں تشریف لائیے

حکیم نصیر احمد تنویر

ساجد دواخانہ ربوہ

اَھلاً وَسَھلاً وَمرحبا

گلشن بیکری

نزد ایوان محمود جنوبی گیٹ ربوہ

آپ کیلئے ہر قسم کیک رس مکھن پیسٹری پف ٹافی نیز جام چٹنی سوسیہ

کے تازہ بسکٹ، تازہ ڈبل روٹی، باقرخانی، خطائی ہر قسم کے ڈبوں کے بسکٹ

دستیاب ہیں

جلسہ سالانہ کے موقع پر ڈبل روٹی، انڈے، مکھن ہر وقت مل سکتا ہے

ھو الشافی

حکیم محمد طفیل

سُرمہ طفیل والے

(گولبازار گلی کے اندر دوکان ہے)

ایام جلسہ میں بھی دوکان پر صحیح تشخیص و ہمدردانہ مشورہ کے لئے موجود ہوں گے۔

مرض مریض کی نبض دیکھ کر بتائی جاتی ہے اور فیس نہیں لی جاتی

ملنے کا پتہ دواخانہ حکیم محمد طفیل

c/o کوئٹہ کلاتھ۔ باجوہ مارکیٹ اندرون گلی

گولبازار ربوہ

Asthma Course دمہ کورس 60/ روپے

T. B. Course ٹی بی کورس 50-00 روپے

مزمن امراض کے کورسز اور کیورز کا لٹریچر فری

ریسپائریٹری کیور سنٹرز

لاہور: کیور ٹیو سٹورز اینڈ پے سنٹر اچھرہ شاپنگ سنٹر

لاہور: مبشر میڈیکوز چوک میو ہسپتال

لاہور: بزی بی کیمسٹ کمرشل بلڈنگ مال روڈ چوک انارکلی

لاہور: خان برادرز میڈیکل اینڈ جنرل سٹورز نزد نہر چوک مغلپورہ

لاہور: افضل میڈیکل سٹور چوک یتیم خانہ ملتان روڈ

فیصل آباد: کریم میڈیکل ہال گول امین پور بازار

ملتان: الطاف میڈیکل ہال صدر بازار

ہر ضلع میں ریسپائریٹری کیور سنٹر کھولنے کیلئے باحیثیت پارٹیاں رجوع فرمائیں

کیور ٹیو میڈیسن کمپنی (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ فون 606-607

جلسہ سالانہ پر آنے والے احباب کو

خوش آمدید:

حضرت حکیم نظام جان رح کا

مشہور دواخانہ (رجسٹرڈ) گوجرانوالہ

مستورات کے معائنہ کا معقول انتظام موجود ہے۔

حکیم عبدالحمید ابن حکیم نظام جان رح

بالمقابل ایوان محمود ربوہ فون ۶۳۸

باذوق قارئین کا پسندیدہ بکسٹال

قدرانہ لائبریری

ہاتھی چوک صدر راولپنڈی

جلسہ سالانہ کی تازہ روئیداد پر مشتمل الفضل ہم سے خرید فرمائیں نیز سلسلہ احمدیہ کی کتب۔ رسائل بھی ہم سے دستیاب ہیں۔ ہر قسم کا علمی ادبی لٹریچر حاصل کرنے کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں۔

ھو الشافی

عورتوں اور بچوں کے امراض کیلئے

المبارکہ میٹرنٹی ہوم اینڈ کلینک

"المبارکہ" ڈگری کالج روڈ دارالعلوم غربی ربوہ

گھر پر یا میٹرنٹی ہوم میں چوبیس گھنٹے سروس میسر ہے

شادی بیاہ اور دیگر تقریبات کیلئے

شامیانے، قناتیں، کرسیاں، کراکری

• ہر قسم کا دعوتی سامان •

رعائتی کرایہ پر

نیا سامان — مناسب کرایہ — بہتر خدمت

سادات ٹینٹ سروس

سراج مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ

آپ کا اپنا قابل اعتماد اور بے مثال ادارہ

بیرون ممالک سامان درآمد و برآمد کرنیوالوں کیلئے ہماری خدمات حاضر ہیں۔

امپورٹس اور ایکسپورٹس کے متعلق ہر قسم کی مزید معلومات کیلئے ہماری مندرجہ ذیل برانچز سے رجوع فرمائیں

نصرت کارپوریشن

• کلیرنگ ایجنٹ • انڈنٹر • امپورٹر و ایکسپورٹر

ہیڈ آفس لاہور	کراچی	ربوہ
نصرت کارپوریشن	نصرت کارپوریشن	المحمود (برٹش ایئرویز)
نزد ڈرائی پورٹ	۸۰ - نیو کلاتھ مارکیٹ	اقصیٰ روڈ ربوہ ۴۹۳
مغل پورہ لاہور	سیکنڈ فلور	U.A.E ابوظہبی
۳۳۰۳۴۴	ایم اے جناح روڈ کراچی	۱ • نصرت ٹریڈرز فون ۳۳۶۲۰۲ / ۳۴۳۵۲۴
	۲۲۴۹۵۶	۲ • بٹ ٹریڈرز فون ۳۲۳۵۳۰
		۳ • آصف کمیشن سروسز ۳۴۵۵۴۰

• دوبئی۔ ابوظہبی سے لاہور ڈرائی پورٹ ڈائریکٹ ڈلیوری کا بہترین حلقہ

• پرسنل بیگیج (UNACCOMPANED BAGGAGE) بکنگ و کلیئر کروانے کا خاص انتظام۔

مال کی بروقت کلیرنس اور ترسیل کا تسلی بخش انتظام ہے۔